# 1437 ۔ اسلام میں کبوترکسی; خاص معنی; کا رمز ہے

**سوال**

دین نصرانی میں کبوتر امن وسلامتی کی علامت ہے یہی نہیں بلکہ وہ بنفسہ مقدس ہے ، توکیا دین اسلام میں بھی کبوتر کی کوئ اھمیت ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توان کا جواب تھا :

دین اسلام میں کبوتر کوکوئ خاص اورامتیازی حیثیت حاصل نہیں بلکہ کبوتر بھی ان پرندوں میں سے ہے جو اللہ تعالی نے کھانے کے لیے مباح قرار دیے ہیں اور ان کا کھانا حلال ہے ۔

اسلام میں کبوتر نہ تو امن وسلامتی کی نشانی ہے اور نہ ہی کسی اورچیز کی ، اورہم مسلمانوں کویہی کافی ہے کہ ہم اللہ تعالی کےحکم کےمطابق زمین میں عدل وانصاف قائم کریں ۔

واللہ تعالی اعلم .